CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com
جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 17 جولائی 2026ء 2 صفر 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 191

پاکستان میں نوجوانوں کی اکثریت اب بھی اپنے مستقبل کو لے کر پُرامید ہے اقوام متحدہ

مستقبل کا انحصار نوجوانوں کی صلاحیتوں، مواقع اور فیصلوں پر تاہم 53 فیصد نوجوان سلامتی، اقتصادی چیلنجوں پر فکر مند ہیں، رپورٹ

پاکستان میں 76 فیصد نوجوان اپنے مستقبل کے بارے میں پرامید ہیں، ملک کی آبادی تقریباً 257.2 ملین تک پہنچ چکی ہے جب کہ ایک تہائی آبادی کی عمریں 10 سے 24 سال کے درمیان ہیں

اسلام آباد، نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی ایک ذیلی تنظیم کے سروے میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان میں نوجوانوں کی اکثریت روشن مستقبل کو لے کر پُرامید ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی تنظیم پاپولیشن فنڈ ایکٹیویٹیز (یو این ایف پی اے) کی ایک نئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں 76 فیصد نوجوان اپنے مستقبل کے بارے میں پرامید ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ملک کی آبادی تقر (بقیہ نمبر 1)

جاری کردہ ویڈیو سے لیے گئے اس اسکرین گریب میں، ایک نامعلوم مقام پر ہونے والے دھماکے کے بعد دھواں اٹھتا ہوا دکھائی دے رہا ہے

صدر مملکت نے وزیراعظم کی سفارش پر تین سمریوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی سفارش پر تین سمریوں کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت نے اقوام متحدہ کے اسلاموفوبیا کے انسداد سے متعلق خصوصی ایلچی میگوئل (بقیہ نمبر 2)

پاکستان نے امریکا ایران امن کوششوں سے دستبرداری کا تاثر مسترد کر د

امن کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا وقتی تعطل کا شکار ہوسکتا ہے، ثالثی کی کوششیں جاری ہیں

کشیدگی وقتی طور پر غالب ہے، امید ہے بالآخر امن اور مذاکرات کی سوچ کامیاب ہو گ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان امن کوششوں سے دستبردار ہونے کے تاثر کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا وقتی تعطل کا شکار ہو سکتا ہے، ثالثی کی کوششیں جاری ہیں، کشیدگی وقتی طور پر غالب ہے، (بقیہ نمبر 3)

نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں

طارق فضل چوہدری

نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ تمام کھیلوں میں ملک کا نام دنیا میں روشن کرسکیں، ایک وقت تھا کہ ہاکی اور سکواش سمیت پاکستان کئی کھیلوں کا دنیا میں چیمپئن تھا

شطرنج کے کھیل میں ہمارے نامور کھلاڑیوں نے پاکستان کا نام دنیا میں بلند کیا، جسمانی اور ذہنی صلاحیتیں مل کر ہی شطرنج کا کھلاڑی بناتی ہیں، نیشنل چیس چیمپئن شپ کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب

تقریب میں ارکان پارلیمنٹ نزہت صادق، سیدہ نوشین افتخار، فرح ناز اکبر، رانا احسان افضل کی شرکت ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے چیس چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑیوں میں انعامات، شیلڈز بھی تقسیم کیں

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر، این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ملک کی نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں ہے، حکومت نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی تاکہ دنیا بھر میں وہ ملک کا نام روشن کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل چیس چیمپئن شپ کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں انہوں نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل میں صلاحیتوں کی کمی نہیں، ہمارے نوجوان دنیا بھر میں کھیلوں کے میدانوں میں اپنا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شطرنج کے کھیل میں ہمارے نامور کھلاڑیوں نے پاکستان کا نام دنیا میں بلند کیا، جسمانی اور ذہنی صلاحیتیں مل کر ہی شطرنج کا کھلاڑی بناتی ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں جن جن کھلاڑیوں نے کامیابی حاصل کی وہ مبارکباد کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایک بھی اسرائیلی دِکھا تو ملک بدر کر دیا جائے گا، ملائیشین وزیراعظم

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم نے کہا ہے کہ ملک میں کسی بھی اسرائیلی شہری کا پتہ لگنے (بقیہ نمبر 6)

شیخ حسینہ واجد کی وطن واپسی کا خیر مقدم کرتے ہیں، بنگلا دیش

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش حکومت نے معزول سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے وطن واپس آنے کے منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں قانون کا سامنا کرنا ہوگا، تاہم عدالت سزائے موت (بقیہ نمبر 7)

رنگ روڈ اراضی این او سی اسکینڈل کیس

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا این او سی منسوخی کا فیصلہ بحال

راولپنڈی (این این آئی) رنگ روڈ اراضی این او سی اسکینڈل کیس میں راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا این او سی منسوخی کا فیصلہ بحال کر دیا گیا راولپنڈی ہائی کورٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

آئینی عدالت، حارث اسٹیل ملز ریفرنس ختم کرنے پر نیب کو نوٹس

مارگلہ ہلز نیشنل پارک کی حدود کے اندر کسی بھی تعمیراتی منصوبے یا تعمیری سرگرمی کی منظوری کا اختیار سی ڈی اے کا ہے، تحریری حکم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے حارث اسٹیل ملز ریفرنس ختم کرنے کے خلاف درخواست پر نیب کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت تک موجودہ اسٹیٹس برقرار رکھنے کی ہدایت کی ہے جبکہ بینک کے وکیل خواجہ حارث نے کہا ہے کہ جعلی دستاویزات کی بنیاد پر فراڈ کے ذریعے قرض لیا گیا جس میں بینک آف پنجاب کے بعض افسران بھی شامل تھے۔ جمعرات کو سماعت کے دوران جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلیے پہلی آئینی درخواست دائر

درخواست میں وفاق، حکومت پنجاب اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو فریق بنایا گیا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کی اجازت کیلئے پہلی آئینی درخواست دائر کردی گئی۔ امریکا میں مقیم اوورسیز پاکستانی جاوید اقبال راٹھور نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

بیرسٹر گوہر سمیت ارکان کی اکثریت کسی بھی تحریک کی بجائے ایک دن کے جلسے کے حق میں تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں ارکان نے 5 اگست کے احتجاج پر مشاورت کی جس دوران ارکان کی اکثریت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم سے معروف دانشور ڈاکٹر فاروق عادل کی ملاقات

اپنا سفرنامہ ''شاخ زریں کے دائیں بائیں'' وزیراعظم کو پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے معروف دانشور، مصنف اور کالم نگار ڈاکٹر فاروق عادل نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ڈاکٹر فاروق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایمل ولی خان اور فاروق عادل سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم سے ایمل ولی خان کی ملاقات

سیاسی امور اور بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عوامی نیشنل پارٹی کے صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں سیاسی امور اور بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

حکومت نے شوگر ملز کی چینی ایکسپورٹ کرنے کی درخواست موخر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے شوگر ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے چینی باہر بھیجنے کی درخواست (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ، کوٹ رادھا کشن بھٹہ کیس میں سزائے موت پانیوالے 3 ملزم بری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کوٹ رادھا کشن بھٹہ کیس میں سزائے موت پانے والے تین ملزمان بری کر دیے۔ جمعرات کو سپریم کورٹ نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

ایک بھی اسرائیلی دِکھا تو ملک بدر کر دیا جائے گا، ملائیشین وزیراعظم

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم نے کہا ہے کہ ملک میں کسی بھی اسرائیلی شہری کا پتہ لگنے (بقیہ نمبر 6)

شیخ حسینہ واجد کی وطن واپسی کا خیر مقدم کرتے ہیں، بنگلا دیش

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش حکومت نے معزول سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے وطن واپس آنے کے منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں قانون کا سامنا کرنا ہوگا، تاہم عدالت سزائے موت (بقیہ نمبر 7)

ایرانی فولادی وار خطے میں امریکا کے بنیادی ڈھانچوں کا نشان مٹا دیں گے، خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹر

تہران (این این آئی) ایران کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈ کوارٹر کے ترجمان (بقیہ نمبر 15)

جموں یونیورسٹی نے ''لیجنڈز آف جموں و کشمیر'' کے مصنفین پر پابندی پبلیشرز کو بلیک لسٹ کر دیا

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ''جموں (بقیہ نمبر 16)

آزاد جموں و کشمیر کے عوام فیصلہ کارکردگی کی بنیاد پر کریں گے

بیرسٹر دانیال چوہدری

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، تعمیر و ترقی اور خطے کی خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں راولپنڈی میں ایک بڑے انتخابی اجتماع سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کے عوام آئندہ انتخابات میں کارکردگی، ترقی اور عوامی خدمت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا فیصلہ کریں گے اور مسلم لیگ (ن) کو تاریخی کامیابی سے نوازیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں راولپنڈی میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

نابالغ بچوں کے مقدمات میں سرپرست کی تقرری لازمی قرار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت کا نابالغ بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے نابالغ بچوں کے مقدمات میں سرپرست کی تقرری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

صوفیائے کرام کی تعلیمات رواداری مکالمے کے فروغ میں کردار ادا کرتی ہیں

یوسف گیلانی

عصرِ حاضر میں بڑھتی ہوئی تقسیم، عدم برداشت، انتہا پسندی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قیمتی رہنمائی فراہم کرتی ہیں

پی این سی اے میں فنکاروں رومی اور ایمن کی آرٹ نمائش ''تصوف اور ثقافت'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کے عظیم صوفیانہ ورثے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوفیائے کرام کی تعلیمات رواداری، مکالمے اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں اور عصرِ حاضر میں بڑھتی ہوئی تقسیم، عدم برداشت اور انتہا پسندی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قیمتی رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ پاکستان نیشنل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی) کے قائم مقام صدر طاہر ایوب، حلی بابا ڈاٹ کام پاکستان کے اشتراک سے منعقدہ سیلرز آن بورڈنگ سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر اسٹیج پر آئی سی سی آئی کے نائب صدر عرفان چوہدری ایگزیکٹو ممبر اسحاق، سیال سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری اور آئی سی سی آئی کے اراکین اعزاز محمد اور عظمی شیراز بھی موجود ہیں

پاکستان کی مسلح افواج ملکی محافظ ہیں، ملک سجاد

فوجی جوان ہی ملک کی سرحدوں پر اپنی جانوں کے نذرانہ پیش کر رہے ہیں، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک و قوم کی محافظ ہیں ہمارے فوجی جوان ہی ہیں جو ملک کی سرحدوں پر اپنی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، پولیس کے گرینڈ آپریشن

7 مشکوک افراد، 30 موٹر سائیکل تھانہ جات منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران جانچ پڑتال کیلئے سات مشکوک افراد اور 30 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کی ساوتھ ایئر نے فلائٹ آپریشن کا آغاز کر دیا

کراچی، بہاولپور، تربت، اسلام آباد اور کوئٹہ کے درمیان مجموعی طور پر 8 پروازیں آپریٹ کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی نجی فضائی کمپنی ساوتھ ایئر نے فلائٹ آپریشن کا آغاز کر دیا۔ کمپنی نے کراچی ایئرپورٹ سے اپنی پروازوں کا آغاز کرتے ہوئے آج کراچی، بہاولپور، تربت، اسلام آباد اور کوئٹہ کے درمیان مجموعی طور پر 8 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی: وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

آئس، 100,1 گرام چرس اور مختلف بور کے 19 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 39 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

الیکشن کمیشن کا عام انتخابات سے قبل انتخابی قوانین میں تبدیلیوں کا فیصلہ

الیکشن کمیشن انتخابی قوانین کو موثر اور جدید بنانے کیلئے قانونی فریم ورک کا جائزہ لے گا

الیکشن کمیشن آئین، الیکشن ایکٹ 2017ء اور الیکشن رولز 2017ء میں ضروری ترامیم کی تجاویز تیار کرے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے آئندہ عام انتخابات سے قبل انتخابی قوانین اور آئین میں تبدیلیوں کا فیصلہ کرتے ہوئے لیگل ریفارمز کمیٹی کو فعال کر دیا، لیگل ریفارمز کمیٹی میں الیکشن کمیشن کے اعلیٰ حکام سمیت تمام ونگز کے حکام شریک ہیں، کمیٹی موجودہ انتخابی قانون اور آئینی شقوں کا جائزہ لے گی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی عام انتخابات 2024ء میں سامنے آنے والی قانونی و آئینی خامیوں کا جائزہ لے کر اپنی سفارشات پیش کرے گی، الیکشن کمیشن انتخابی قوانین کو موثر اور جدید بنانے کیلئے قانونی فریم ورک کا جائزہ لے گا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

نیشنل کوآرڈینیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل اجلاس، پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک و ممبران این سی ایم سی، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل، ممبر کسٹمز ایف بی آر، اوگرا اور متعلقہ اداروں کی شرکت، پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کا جامع جائزہ لیا گیا، او سی اے سی کے نمائندوں کی جانب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

وفاقی حکومت کا 1100 سرکاری و نجی ہسپتالوں میں اے آئی نظام کے نفاذ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وزیر اعظم صحت کارڈ پروگرام کے تحت بیماریوں کی تشخیص کیلئے مصنوعی ذہانت اے آئی سے استفادہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت کینسر، دماغی امراض اور دیگر پیچیدہ بیماریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد ٹریفک پولیس موٹر سائیکل سواروں کیلئے خصوصی کیمپ

مفت ہیلمٹ کی فراہمی کے ساتھ خراب شدہ ہیڈ لائٹس اور اشاروں کو تبدیل کیا گیا

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے خود ایکٹیویٹی میں حصہ لیا ہیلمٹ و سائیڈ مررز تقسیم کیے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے اٹلس ہونڈا کے تعاون سے موٹر سائیکل سواروں کیلئے خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا، جس میں موٹر سائیکل سواروں کو مفت ہیلمٹ کی فراہمی کے ساتھ خراب شدہ ہیڈ لائٹس اور اشاروں کو تبدیل کیا گیا جبکہ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے خود ایکٹیویٹی میں حصہ لیا اور ہیلمٹ و سائیڈ مررز تقسیم کیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس نے اٹلس ہونڈا کے تعاون سے موٹر سائیکل سواروں کے لیے خصوصی روڈ سیفٹی کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ کے دوران موٹر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کی افسران کو ناکہ جات پر چیکنگ

سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ناکہ جات کے انچارجز کو خصوصی بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے تمام افسران کو ناکہ جات پر چیکنگ کے نظام کو مزید موثر، منظم اور پیشہ ورانہ بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی موثر صورتحال کو برقرار رکھنے اور سکیورٹی اقدامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا پولیس افسران کو بریفنگ دے رہے ہیں

راولپنڈی، آٹے گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے 9 خصوصی چیک پوسٹیں قائم

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں آٹے اور گندم کی سمگلنگ اور غیر قانونی نقل و حمل کی روک تھام کیلئے محکمہ خوراک نے سخت اقدامات کرتے ہوئے ضلع بھر میں 9 خصوصی چیک پوسٹیں قائم کر دی ہیں۔ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر صالح مغل کی ہدایت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی میں شوہر کی جانب سے خاتون کو حبس بے جا میں رکھنے کا انکشاف

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں شوہر کی جانب سے خاتون کو حبس بے جا میں رکھنے اور بیڑیاں لگانے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: NUML یونیورسٹی کے طلبا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کر رہے ہیں

نیشنل یونیورسٹی میں زیر تربیت طلباء و طالبات کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

وفد کو مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر، پولیس آپریشنز سینٹر ہال کا تفصیلی دورہ کروایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز میں زیر تربیت طلباء و طالبات کے وفد نے سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کیا جہاں انہیں اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں مکمل آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) کے زیر تربیت طلبہ و طالبات کے وفد نے سیف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

ایم اے پاس سوئیپر ملازمت کیس، وفاقی آئینی عدالت کی حکومت کی اپیل خارج

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے خیبر پختونخوا میں ایم اے پاس شخص کو سوئیپر کی ملازمت دینے سے متعلق کیس میں پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

مری سمیت 5 اضلاع میں گرین الیکٹرک بس سروس کا افتتاح

راولپنڈی (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے کے 5 اضلاع میں گرین الیکٹرک بسوں کا افتتاح کر دیا۔ اس حوالے سے انہوں نے کہا ہے کہ لیہ، چنیوٹ، سیالکوٹ، اوکاڑہ اور مری میں گرین الیکٹرک بسوں کا آغاز کر دیا ہے، یہ پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

آئیسکو ریجن، آج کیلئے عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری

اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں میں بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق آج 17 جولائی 2026 اسلام آباد سرکل: صبح 6:00 بجے سے 10:00 بجے تک کری، رہارہ، سی ایم پاک زونگ، آئی ٹی پارک فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل: صبح 5:00 بجے سے 10:00 بجے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: ٹریفک پولیس کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ دیے جا رہے ہیں

اسلام آباد، ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک بالی گروہ کے 3 ارکان گرفتار

نقدی، قیمتی موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ سبل پولیس نے ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک بالی گروہ کے تین ارکان گرفتار کر کے گن پوائنٹ پر چھینی ہوئی نقدی، قیمتی موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ سبل پولیس ٹیم نے ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ضلعی انتظامیہ اسلام آباد فیلڈ افسران کی کارکردگی پر کڑی نگرانی شروع

تمام افسران عوام سے براہِ راست رابطہ اور مسائل کے فوری حل کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھیں

فیلڈ افسران اپنی کارکردگی کو قابلِ پیمائش نتائج، اسسٹنٹ کمشنر، مجسٹریٹ روزانہ فیلڈ میں موجودگی یقینی بنائے، ڈی سی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے فیلڈ افسران کی کارکردگی پر کڑی نگرانی شروع کر دی۔ ضلعی انتظامیہ کی مجموعی کارکردگی، فیلڈ مانیٹرنگ اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس ہوا جس میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

نادرا آن لائن شناختی کارڈ بنوانے والوں کیلئے زبردست سہولت متعارف

نئے فیچر کی بدولت اب آپ درخواست جمع کروانے سے پہلے اپنا متوقع شناختی کارڈ دیکھ سکتے ہیں

شہری شناختی کارڈ کیلئے درخواست فائنل کرنے سے قبل اس پر درج معلومات کا جائزہ لے سکتے ہیں، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پاک آئی ڈی موبائل ایپ کا نیا ورژن ریلیز کرتے ہوئے آن لائن شناختی کارڈ بنوانے والوں کو زبردست سہولت دے دیا۔ نادرا کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ پاک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

الفاظ کے پیچھے چھپے جذبات

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

انسان کی زندگی میں بہت سی ایسی باتیں شامل ہیں جو ہم روزانہ بولتے اور سنتے ہیں، لیکن ان کے اصل معنی صرف الفاظ تک محدود نہیں ہوتے بلکہ ان کے پیچھے گہرے جذبات اور احساسات چھپے ہوتے ہیں۔ ہماری زبان میں محبت، غم، خوشی اور درد کو بیان کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں جو حقیقت میں ایک کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص کہتا ہے کہ "کسی نے میرا دل توڑ دیا" تو حقیقت میں کسی نے جسمانی دل کو نقصان نہیں پہنچایا ہوتا، بلکہ یہ ایک جذباتی تکلیف کا اظہار ہوتا ہے۔ انسان کا دل صرف ایک جسمانی عضو نہیں بلکہ محبت، احساسات اور جذبات کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ سائنس کے مطابق دل کا بنیادی کام جسم میں خون پہنچانا ہے جبکہ جذبات، یادیں اور احساسات کا تعلق دماغ اور انسانی نفسیات سے بھی ہوتا ہے۔ لیکن انسان صدیوں سے دل کو جذبات کی علامت کے طور پر استعمال کرتا آیا ہے کیونکہ دل اور احساسات کا تعلق انسان کے تجربات میں بہت گہرا محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ایک دادی اپنے نواسوں سے کہتی ہیں کہ "میرا دل تم لوگوں نے چرا لیا ہے" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ واقعی کسی نے دل چرا لیا، بلکہ وہ اپنی محبت، شفقت اور بے پناہ پیار کا اظہار کر رہی ہوتی ہیں۔ انسانی زبان کا حسن یہی ہے کہ ایک چھوٹا سا جملہ بھی بہت بڑے جذبات کو بیان کر سکتا ہے۔ بعض اوقات الفاظ حقیقت سے زیادہ احساس کی ترجمانی کرتے ہیں اور انسان دوسرے کے جذبات کو سمجھ کر ان الفاظ کا مطلب جان لیتا ہے۔ اگر ہم قرآن کی زبان پر غور کریں تو وہاں بھی کئی مقامات پر ایسی تعبیرات ملتی ہیں جو انسان کے ظاہر کے ساتھ ساتھ اس کے باطن، سوچ اور روحانی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔ قرآن انسان کو صرف جسم نہیں بلکہ عقل، دل اور روح رکھنے والی مخلوق کے طور پر مخاطب کرتا ہے۔ قرآن میں "دل" کا ذکر کئی جگہ انسان کی اندرونی حالت، ایمان، سمجھ اور نیت کے معنی میں آتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی وجود صرف نظر آنے والی چیزوں تک محدود نہیں بلکہ اس کے اندر ایک ایسی دنیا بھی ہے جو محسوس تو ہوتی ہے مگر ہمیشہ دکھائی نہیں دیتی۔ اسی طرح جب مذہبی تعلیمات میں شیطان، فرشتوں یا غیبی معاملات کا ذکر آتا ہے تو یہ ان حقیقتوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو انسان کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ انسان کی نظر محدود ہے، وہ ہر چیز کو نہیں دیکھ سکتا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز موجود نہیں۔ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بھی کئی ایسی چیزوں پر یقین رکھتے ہیں جو نظر نہیں آتیں۔ مثال کے طور پر ہوا نظر نہیں آتی مگر ہم اسے محسوس کرتے ہیں، محبت نظر نہیں آتی مگر اس کے اثرات انسان کی زندگی بدل دیتے ہیں۔ فرشتوں کا تصور بھی اسی غیبی دنیا سے تعلق رکھتا ہے جس پر ایمان رکھنے والے لوگ یقین رکھتے ہیں۔ اسلامی عقیدے کے مطابق فرشتے اللہ کے حکم کے مطابق مختلف ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں اور انسان کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ زندگی صرف ظاہری دنیا تک محدود نہیں۔ اسی طرح رزق کے بارے میں بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ اس کا اصل اختیار اللہ کے پاس ہے۔ انسان کوشش کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور اسباب اختیار کرتا ہے، لیکن بہت سے معاملات ایسے ہوتے ہیں جہاں انسان کو اندازہ ہوتا ہے کہ زندگی میں بہت کچھ اس کے اختیار سے باہر بھی ہے۔ انسان کا وجود صرف جسم کا نام نہیں۔ ایک طرف جسمانی وجود ہے جسے ہم دیکھ سکتے ہیں، جس میں درد، تھکن اور بیماری محسوس ہوتی ہے، جبکہ دوسری طرف انسان کی روح، سوچ، احساسات اور شعور ہیں جو نظر نہیں آتے لیکن انسان کی اصل شخصیت بناتے ہیں۔ جسمانی درد کو ہم فوراً محسوس کر لیتے ہیں کیونکہ وہ ظاہری ہوتا ہے، لیکن تنہائی، غم، محبت، خوف اور اندرونی تکلیف ایسی کیفیتیں ہیں جنہیں صرف محسوس کیا جا سکتا ہے، دیکھا نہیں جا سکتا۔ یہی فرق انسان کو ایک منفرد مخلوق بناتا ہے۔ انسان صرف گوشت اور ہڈیوں کا مجموعہ نہیں بلکہ احساسات، خیالات، خوابوں اور روحانی پہلوؤں سے بھرا ہوا ایک مکمل وجود ہے۔ دنیا میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جنہیں سائنس اپنے طریقے سے سمجھنے کی کوشش کرتی ہے، جبکہ مذہب انسان کو زندگی کے مقصد، اخلاق، روحانیت اور ان حقیقتوں کے بارے میں سوچنے کی دعوت دیتا ہے جو نظر سے اوجھل ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر بات کو صرف ظاہری معنی میں لینا ضروری نہیں ہوتا۔ زبان کے کئی الفاظ ایسے ہیں جو حقیقت کے بجائے احساس اور کیفیت بیان کرتے ہیں۔ جب کوئی کہتا ہے کہ "تم نے میرا دل جیت لیا" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ کسی نے دل حاصل کر لیا، بلکہ اس کا مطلب محبت، اعتماد اور عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی کہتا ہے کہ "میرا دل ٹوٹ گیا" تو وہ اپنے اندر کے درد کو بیان کر رہا ہوتا ہے۔ یہ درد جسم پر نظر نہیں آتا لیکن انسان کے رویے، سوچ اور زندگی پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔ انسان کی زندگی میں جسم اور روح دونوں کی اہمیت ہے۔ جسم کی دیکھ بھال کے لیے علاج، آرام اور صحت ضروری ہے جبکہ روح اور دل کی مضبوطی کے لیے محبت، اچھے اعمال، امید اور مثبت سوچ ضروری ہے۔ زندگی کا حسن اسی توازن میں ہے کہ انسان دنیاوی حقیقتوں کو بھی سمجھے اور اپنی اندرونی دنیا کو بھی پہچانے۔ صرف ظاہری چیزوں پر توجہ دینے سے انسان اپنی شخصیت کے ایک بڑے حصے کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ انسان جتنا زیادہ سوچتا اور سیکھتا ہے، اتنا ہی اسے احساس ہوتا ہے کہ کائنات کتنی وسیع ہے اور انسانی سمجھ کتنی محدود۔ بہت سی حقیقتیں ایسی ہیں جو وقت کے ساتھ انسان پر واضح ہوتی جاتی ہیں۔ جو چیز نظر نہیں آتی وہ لازماً غیر موجود نہیں ہوتی۔ کچھ حقیقتیں آنکھوں سے نہیں بلکہ عقل، احساس، تجربے اور یقین کے ذریعے سمجھی جاتی ہیں، اور یہی انسانی زندگی کی گہرائی ہے۔

معذرت کے ساتھ

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی کسی مزدور کے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو غور سے دیکھیے، کسی کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے چہرے پر برسوں کی محنت کا نوحہ پڑھیے، کسی بیوہ ماں کی خاموش آنکھوں میں اترتی ہوئی تنہائی کو محسوس کیجیے، کسی یتیم بچے کی ادھوری خواہشوں کی چاپ سنیے، کسی بے روزگار نوجوان کے چہرے پر جمی ہوئی بے بسی کو پڑھیے، کسی طالب علم کو ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے بند دروازوں پر دستک دیتے دیکھیے، کسی سرکاری ملازم کو مہنگائی کے سامنے اپنی تنخواہ کی بے وقعتی پر کڑھتے دیکھیے، کسی نجی ملازم کو ملازمت کے عدم تحفظ میں ہر روز جیتے اور مرتے دیکھیے، کسی ریٹائرڈ بزرگ کو عمر بھر کی جمع پونجی کو مہنگائی کی نذر ہوتے دیکھیے، کسی بیمار باپ کو دوا اور بچوں کی فیس کے درمیان فیصلہ کرتے دیکھیے، کسی ماں کو خالی برتنوں کے درمیان بچوں کو تسلی دیتے دیکھیے، کسی بہن کو جہیز کی رسموں کے بوجھ تلے اپنی جوانی سمٹتے دیکھیے، کسی بیٹی کو تعلیم، عزت اور محفوظ مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے فکرمند دیکھیے، کسی چھوٹے دکاندار کو گاہکوں کے انتظار میں ویران دکان کے دروازے پر نظریں جمائے دیکھیے، کسی صنعت کار کو بڑھتی لاگت اور گھٹتے کاروبار کی فکر میں گھلتے دیکھیے، کسی مریض کو ہسپتال کے برآمدے میں علاج کا منتظر دیکھیے، کسی پنشنر کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے حساب لگاتے دیکھیے، کسی معذور شخص کو سہولتوں سے محروم زندگی کا بوجھ اٹھاتے دیکھیے، اور پھر اپنے دل سے پوچھیے کہ آخر اس ملک کا عام آدمی کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی دل میں درد کی ایک لہر نہ اٹھے تو شاید ہم نے صرف انسانوں کو نہیں، انسانیت کو بھی محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کا عام شہری آج صرف مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی حالات سے نہیں لڑ رہا، بلکہ اسے یہ احساس بھی ستا رہا ہے کہ ریاست کے ہر ستون سے اس کی توقعات بڑھتی ہیں، مگر اس کی مشکلات کم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ریاست کے تمام ادارے بی پارلیمان، حکومت، عدلیہ، مسلح افواج، پولیس، سول بیوروکریسی، احتسابی ادارے، مقامی حکومتیں اور دیگر قومی ادارے بی آئین کے مطابق ملک کی خدمت اور عوام کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ جب یہ ادارے مؤثر، شفاف اور اپنی آئینی حدود میں کام کرتے ہیں تو عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن جب سیاسی کشمکش، انتظامی کمزوریاں، بدعنوانی، تاخیر، ناقص حکمرانی یا اختیارات کے استعمال پر سوالات جنم لیتے ہیں تو اس کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری کے کندھوں پر آ پڑتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ قصور کس ایک ادارے کا ہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہر ادارہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری دیانت، شفافیت اور جواب دہی کے ساتھ ادا کر رہا ہے؟ اگر جواب مکمل اطمینان بخش نہیں، تو پھر اصلاح کی ضرورت بھی سب کو ہے۔ عوام کو نہ اداروں کی باہمی کشمکش سے غرض ہے، نہ سیاسی نعروں سے؛ انہیں صرف امن، انصاف، روزگار، تعلیم، علاج اور باوقار زندگی چاہیے۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے ادارے ضرور ہوتے ہیں، مگر ریاست کی اصل روح اس کے عوام ہوتے ہیں۔ اگر عوام ہی مایوسی، اضطراب اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ترقی کے تمام دعوے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ادارے آئین کی روح، قانون کی حکمرانی اور باہمی تعاون کے ساتھ عوامی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ آج پاکستان کا عام آدمی جب صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے ذہن میں خوابوں سے زیادہ خدشات ہوتے ہیں۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ شام تک آٹے، چینی، گھی، بجلی، گیس یا پٹرول کی قیمت کہاں پہنچ جائے گی۔ اسے یہ فکر کھائے جاتی ہے کہ اگر وہ بیمار ہو گیا تو علاج کہاں سے کرائے گا، اگر اس کا بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل بھی کر لے تو کیا اسے روزگار ملے گا، اور اگر انصاف کے لیے کسی دروازے پر دستک دے تو کتنے برس اس کی زندگی انتظار کی نذر ہو جائیں گے۔ یہ ملک وسائل سے محروم نہیں، صلاحیتوں سے خالی نہیں، قربانی دینے والے عوام سے بھی تہی دامن نہیں۔ اس سرزمین نے جنگیں بھی دیکھی ہیں، قدرتی آفات بھی برداشت کی ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کیا ہے، اور ہر بحران میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی بھی رہی ہے۔ مگر آج یہی عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہیں کہ ان کی مسلسل قربانیوں کا صلہ آخر کب ملے گا؟ ریاست کا ہر ادارہ اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان قانون سازی کے لیے، حکومت انتظام و انصرام کے لیے، عدلیہ انصاف کی فراہمی کے لیے، مسلح افواج قومی سلامتی کے لیے، پولیس شہریوں کے تحفظ کے لیے، سول بیوروکریسی عوامی خدمت کے لیے، اور احتسابی ادارے شفافیت کے لیے وجود رکھتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک کی کارکردگی کمزور پڑتی ہے تو اس کا اثر پورے نظام پر پڑتا ہے، اور جب متعدد شعبوں میں کمزوریاں جمع ہونے لگیں تو سب سے زیادہ تکلیف عام شہری کو اٹھانی پڑتی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہر بحران میں قربانی عوام سے مانگی جاتی ہے۔ بجلی مہنگی ہو تو عوام برداشت کریں، ٹیکس بڑھیں تو عوام ادا کریں، مہنگائی آئے تو عوام صبر کریں، روزگار کم ہو تو عوام خود کو حالات کے مطابق ڈھالیں۔ مگر عوام جب یہ پوچھیں کہ ریاستی کارکردگی میں بہتری کب آئے گی، شفافیت کب بڑھے گی، اور جواب دہی سب کے لیے یکساں کب ہوگی، تو ان سوالات کا جواب اکثر ہندلا دکھائی دیتا ہے۔ ایک مزدور کی ساری زندگی مشقت میں گزر جاتی ہے، لیکن وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کا خواب پورا نہیں کر پاتا۔ ایک کسان سارا سال زمین سے رزق اگاتا ہے، مگر اپنے ہی گھر میں معاشی تنگی کا شکار رہتا ہے۔ ایک سرکاری ملازم مہنگائی کے سامنے بے بس ہے، ایک نجی ملازم ملازمت کے عدم تحفظ سے خوف زدہ ہے، اور ایک نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے دروازے کھٹکھٹا رہا ہے۔ یہ وہ تصویریں ہیں جنہیں کسی ایک فرد یا ایک ادارے سے نہیں، بلکہ مجموعی حکمرانی کے معیار سے جوڑ کر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ قومیں صرف مضبوط عمارتوں، شاہراہوں اور منصوبوں سے نہیں بنتیں، بلکہ انصاف، اعتماد اور امید سے بنتی ہیں۔ اگر ایک عام شہری اپنے ہی ملک میں خود کو غیر محفوظ، غیر سنا ہوا یا مسلسل مشکلات میں گھرا محسوس کرے تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ کمزور ہونے لگتا ہے۔ اس اعتماد کو بحال کرنا تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آخر میں یہی کہنا مناسب ہوگا کہ عوام کسی معجزے کا مطالبہ نہیں کرتے۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ان کی محنت کا احترام ہو، ان کے ووٹ کی عزت ہو، ان کے بچوں کا مستقبل محفوظ ہو، قانون سب پر یکساں لاگو ہو، اور ہر ادارہ آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری دیانت اور احساسِ جواب دہی کے ساتھ ادا کرے۔ یہ سوال آج بھی فضاؤں میں گونج رہا ہے: "ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں جینے کیوں نہیں دیتے؟" اس سوال کا جواب نعروں میں نہیں، بلکہ بہتر حکمرانی، مؤثر اداروں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت میں پوشیدہ ہے۔ جس دن ریاست کے تمام ستون اپنے اپنے آئینی کردار کو پوری ذمہ داری سے نبھائیں گے، اسی دن شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک طالب علم، ایک ماں اور ایک بزرگ شہری کی آنکھوں میں مایوسی کی جگہ امید واپس آ جائے گی۔ یہی وہ دن ہوگا جب عوام محسوس کریں گے کہ واقعی انہیں جینے کا حق مل گیا ہے۔ ان شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک

شمر

تحریروں کی نگری

میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

تاریخ اسلام میں چند ایسے کردار ہیں جن کے نام ظلم، سنگ دلی اور اقتدار کی اندھی خواہش کی علامت بن چکے ہیں۔ انہی ناموں میں ایک نام شمر بن ذی الجوشن کا بھی ہے۔ اگرچہ شمر کی پوری زندگی مختلف سیاسی اور عسکری واقعات سے عبارت ہے لیکن دنیا اسے سب سے زیادہ واقعۂ کربلا کے حوالے سے جانتی ہے۔ تاریخ کے صفحات پر اس کا ذکر آتے ہی انسان کے ذہن میں ظلم، بے رحمی اور اخلاقی زوال کی تصویر ابھر آتی ہے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کسی تاریخی شخصیت کا مطالعہ جذبات سے ہٹ کر مستند روایات اور تاریخی مصادر کی روشنی میں کیا جانا چاہیے تاکہ واقعات کو ان کے اصل تناظر میں سمجھا جا سکے۔ شمر بن ذی الجوشن قبیلہ ہوازن کی ایک شاخ بنو عامر سے تعلق رکھتا تھا۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق وہ ابتدائی دور میں مسلمان ہوا اور بعض جنگوں میں بھی شریک رہا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس کی سیاسی وابستگیاں تبدیل ہوتی رہیں۔ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں جنگِ صفین میں اس کی موجودگی کا بھی ذکر ملتا ہے تاہم بعد کے حالات میں اس نے بنوامیہ کی حکومت کا ساتھ اختیار کیا اور اقتدار کے قریب رہنے کو ترجیح دی۔ یہی وہ موڑ تھا جہاں اس کی شخصیت پر سیاسی مفادات کا رنگ غالب آتا دکھائی دیتا ہے۔ سن 61 ہجری میں جب حضرت امام حسینؓ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور کوفہ کی جانب روانہ ہوئے تو تاریخ نے ایک ایسا باب دیکھا جس نے ہمیشہ کے لیے حق اور باطل کی کشمکش کو ایک نئی معنویت عطا کر دی۔ کربلا کے میدان میں عبیداللہ بن زیاد کی جانب سے بھیجے گئے لشکر میں شمر بھی شامل تھا۔ متعدد تاریخی روایات کے مطابق وہ نہ صرف جنگ میں سرگرم کردار ادا کرتا رہا بلکہ اس نے عمر بن سعد پر سخت دباؤ بھی ڈالا کہ امام حسینؓ کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ واقعۂ کربلا کی سب سے المناک روایت یہی ہے کہ امام حسینؓ کی شہادت کے وقت شمر کو ایک مرکزی کردار کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ اگرچہ مختلف تاریخی کتب میں تفصیلات میں معمولی اختلافات موجود ہیں، لیکن مسلم مورخین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ شمر نے اس سانحے میں اہم کردار ادا کیا اور اسی وجہ سے اس کا نام تاریخ میں نفرت اور مذمت کی علامت بن گیا۔ یہی وجہ ہے کہ صدیوں گزرنے کے باوجود جب بھی کربلا کا ذکر ہوتا ہے تو شمر کا نام ظلم کے استعارے کے طور پر لیا جاتا ہے۔ کسی بھی معاشرے میں افراد کے کردار صرف ان کے اعمال سے نہیں بلکہ ان اعمال کے نتائج سے بھی پہچانے جاتے ہیں۔ شمر نے شاید وقتی اقتدار، انعام یا سیاسی قربت حاصل کرنے کی امید میں وہ راستہ اختیار کیا جو وقتی طور پر طاقتور طبقے کو مطلوب تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت کے مفاد میں تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت نہیں بلکہ بدنامی کے ساتھ محفوظ کیا۔ یہ تاریخ کا ایک اٹل اصول ہے کہ اقتدار عارضی ہوتا ہے جبکہ کردار ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ اگر شمر کی شخصیت کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو اس میں کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ ایک پہلو سیاسی مفاد پرستی کا ہے، جہاں اقتدار کی خاطر اخلاقی اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا گیا۔ دوسرا پہلو شدت پسندی کا ہے، جہاں مخالف کو صرف شکست دینا کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ ہر ممکن سختی اختیار کی گئی۔ تیسرا پہلو بصیرت کے فقدان کا ہے، کیونکہ تاریخ میں بعض فیصلے صرف اپنے وقت تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثال بن جاتے ہیں۔ شمر ان حقیقت کو نہ سمجھ سکا کہ ایک لمحے کا فیصلہ صدیوں تک اس کے نام کے ساتھ جڑا رہے گا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ تاریخ کو صرف جذبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ تحقیق کی روشنی میں پڑھنا چاہیے۔ مختلف مورخین نے شمر کے کردار اور اس کے اقدامات پر اپنی اپنی روایات نقل کی ہیں، تاہم اس بات پر تقریباً اتفاق پایا جاتا ہے کہ واقعۂ کربلا میں اس کا کردار منفی اور قابلِ مذمت تھا۔ اسی لیے اسلامی تاریخ، ادب اور عوامی شعور میں شمر ایک ایسے شخص کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس نے اقتدار کی خاطر اخلاقی اقدار کو نظر انداز کیا۔ آج کے دور میں شمر کی شخصیت صرف ایک تاریخی کردار نہیں بلکہ ایک علامت بن چکی ہے۔ جب کوئی شخص طاقت کے نشے میں انصاف کو پامال کرتا ہے، جب ذاتی مفاد کو حق پر ترجیح دیتا ہے یا جب ظلم کو اپنی کامیابی کا ذریعہ سمجھتا ہے تو لوگ اسے شمر کے کردار سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض شخصیات تاریخ سے نکل کر سماجی اور اخلاقی استعارے بن جاتی ہیں۔ واقعۂ کربلا نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ ظلم وقتی طور پر غالب آ سکتا ہے لیکن اخلاقی فتح ہمیشہ حق کے حصے میں آتی ہے۔ شمر کا انجام اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ انسان اپنے منصب، دولت یا طاقت سے زیادہ اپنے کردار سے پہچانا جاتا ہے۔ اقتدار ختم ہو جاتا ہے حکومتیں بدل جاتی ہیں، مگر اعمال کا اثر تاریخ کے حافظے میں باقی رہتا ہے۔ اسی لیے شمر کا نام عزت، بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم، بے رحمی اور غلط فیصلوں کے انجام کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔ یہی تاریخ کا سب سے بڑا اور غیر متبدل فیصلہ بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم،

قیادت، استحکام اور ابھرتا ہوا پاکستان

ضربِ مومن

واجد علی تونسوی
Wajidalitaunsvi2599@gmail.com

بین الاقوامی سیاست میں کسی بھی ریاست کی اہمیت صرف اس کی عسکری طاقت سے متعین نہیں ہوتی، بلکہ داخلی استحکام، مضبوط معیشت، مؤثر سفارت کاری، قومی یکجہتی اور بحرانوں سے نمٹنے کی صلاحیت بھی اس کے عالمی مقام کا تعین کرتی ہے۔ اکیسویں صدی میں قومی سلامتی کا تصور نمایاں طور پر تبدیل ہو چکا ہے۔ اب صرف سرحدوں کا دفاع ہی کافی نہیں سمجھا جاتا بلکہ اقتصادی استحکام، سماجی ہم آہنگی، داخلی امن، مضبوط ادارے، جدید ٹیکنالوجی اور فعال خارجہ پالیسی کو بھی قومی سلامتی کا لازمی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان کی سلامتی پالیسی، علاقائی کردار اور سفارتی حکمتِ عملی پر نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ جنرل سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو چیف آف آرمی اسٹاف کی حیثیت سے پاک فوج کی قیادت ایسے وقت سنبھالی جب پاکستان کو بیک وقت متعدد چیلنجز کا سامنا تھا۔ مشرقی سرحد پر بھارت کے ساتھ کشیدگی برقرار تھی، مغربی سرحد پر دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا تھا، جبکہ اندرونِ ملک معاشی مشکلات، سیاسی تقسیم اور سماجی بے چینی ریاست کے لیے ایک بڑا امتحان بن چکی تھیں۔ ایسے حالات میں قومی سلامتی کو صرف عسکری نقطۂ نظر سے نہیں، بلکہ ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ اس حکمتِ عملی کا ایک بڑا امتحان 2025 میں اس وقت سامنے آیا جب مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید کشیدگی پیدا ہوئی۔ بھارت نے پاکستان پر الزامات عائد کیے جنہیں پاکستان نے مسترد کرتے ہوئے شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان فضائی، میزائل اور ڈرون کارروائیوں نے خطے میں تشویش کی لہر دوڑا دی اور عالمی برادری نے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔ پاکستانی حکومت کے مطابق 10 مئی 2025 کو پاکستان نے بھارتی حملوں کے جواب میں آپریشن بنیان المرصوص شروع کیا، جسے وفاقی اور جوابی کارروائی قرار دیا گیا۔ چند روز تک جاری رہنے والی کشیدگی کے بعد مختلف دوست ممالک کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ بعد ازاں وفاقی کابینہ نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی اور اس فیصلے کی وجہ آپریشن کے دوران ان کی قیادت کو قرار دیا۔ اسی تناظر میں حکومت نے مسلح افواج اور قومی یکجہتی کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے یومِ تشکر بھی منایا۔ ان واقعات کے بعد پاکستان کی دفاعی سفارت کاری بھی زیادہ متحرک دکھائی دی۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون، سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ اعلیٰ سطحی روابط، مشترکہ فوجی مشقیں اور دفاعی تعاون اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں سلامتی اور اقتصادی تعاون کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حامی حلقوں کے نزدیک یہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے علاقائی اثر و رسوخ کی علامت ہے، جبکہ بعض تجزیہ نگار اس کے دیرپا نتائج کو معاشی استحکام، سیاسی تسلسل اور ادارہ جاتی مضبوطی سے مشروط قرار دیتے ہیں۔ بیرونی محاذ کے ساتھ ساتھ داخلی سلامتی بھی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج رہی۔ تحریکِ طالبان پاکستان، بلوچستان میں سرگرم مسلح گروہوں اور دیگر شدت پسند عناصر کی کارروائیوں کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے 22 جون 2024 کو عزمِ استحکام کے نام سے قومی انسدادِ دہشت گردی حکمتِ عملی کی منظوری دی۔ حکومتی مؤقف کے مطابق اس کا مقصد صرف فوجی کارروائیاں کرنا نہیں بلکہ انٹیلی جنس اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر تعاون کو مزید مضبوط بنانا بھی تھا۔ اس پالیسی پر مختلف سیاسی جماعتوں اور مبصرین نے مختلف آراء کا اظہار کیا، تاہم حکومت نے اسے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمتِ عملی کا اہم ستون قرار دیا۔ اسی دوران انٹیلی جنس بنیادوں پر متعدد کارروائیوں میں کئی دہشت گرد ہلاک یا گرفتار ہوئے، جبکہ سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ قربانیاں اس حقیقت کی یاد دلاتی ہیں کہ داخلی امن صرف عسکری طاقت سے نہیں بلکہ قومی عزم، مضبوط اداروں، عوامی تعاون اور قانون کی مؤثر شمولیت کی سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔ داخلی استحکام کے تناظر میں مذہبی ہم آہنگی کا پہلو بھی قابلِ توجہ رہا۔ مختلف مواقع پر جنرل بعد ازاں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء و مشائخ سے ملاقاتیں کیں، جن میں قومی اتحاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ مؤقف اور امن و استحکام کے موضوعات زیرِ بحث آئے۔ حامی حلقے ان ملاقاتوں کو قومی سلامتی کی وسیع حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیتے ہیں، جبکہ بعض مبصرین ان کے اثرات کا جائزہ طویل المدت تناظر میں لینے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ پاکستان جیسے مذہبی اور ثقافتی تنوع رکھنے والے معاشرے میں قومی اتحاد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جب ریاستی ادارے مذہبی قیادت، سیاسی قوتیں اور عوام مشترکہ قومی مقاصد پر یکسو ہوں تو انتہا پسندی کے امکانات محدود ہونے لگتے ہیں۔ اسی لیے جدید ریاستیں قومی سلامتی کو صرف عسکری قوت تک محدود نہیں رکھتیں بلکہ سماجی ہم آہنگی، داخلی استحکام اور قومی یکجہتی کو بھی اس کا لازمی جزو سمجھتی ہیں۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں بھی پاکستان نے توازن برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری، خلیجی ممالک کے ساتھ معاشی تعاون، ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ دفاعی روابط اور وسطی ایشیا کے ساتھ اقتصادی روابط کے فروغ کی کوششیں اس امر کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ اگر یہ سفارتی اور دفاعی تعاون سرمایہ کاری، تجارت، توانائی اور صنعتی شراکت داری کی صورت میں مزید آگے بڑھتا ہے تو اس کے مثبت اثرات قومی معیشت پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کسی بھی ریاست کی عالمی حیثیت صرف عسکری کامیابیوں سے مستحکم نہیں ہوتی۔ مضبوط معیشت، شفاف طرزِ حکمرانی، سیاسی استحکام، آزاد ادارے، قانون کی بالادستی، معیاری تعلیم، سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں ترقی وہ عوامل ہیں جو کسی بھی ملک کو مستقل عالمی وقار عطا کرتے ہیں۔ دفاعی کامیابیوں کے ساتھ اگر ان شعبوں میں بھی تسلسل کے ساتھ اصلاحات جاری رہیں تو پاکستان اپنے نوجوان انسانی وسائل، قدرتی وسائل اور اہم جغرافیائی محلِ وقوع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے حامیوں کے مطابق ان کی قیادت میں دفاع، سفارت کاری اور داخلی سلامتی کو ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی، جبکہ ناقدین اس کا جائزہ جمہوری اداروں، معاشی کارکردگی، سیاسی استحکام اور آئینی عمل کے تناظر میں لیتے ہیں۔ یہی اختلافِ رائے کسی بھی جمہوری معاشرے کی فکری پختگی اور صحت مند قومی مباحثے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان آبادی، پیشہ ورانہ مسلح افواج، قدرتی وسائل اور انتہائی اہم جغرافیائی محلِ وقوع جیسے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ اگر قومی اتحاد، پالیسیوں کا تسلسل،

1 ہاتھ پیچ

ہزار ہے ہزار ہاتھ کے دوران دوران اور اور کے دوران دوران کیلئے 727 کا 727 ہزار ہے ہزار ہاتھ

حافظ آباد میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر پٹرول کی قلت

شہریوں نے ذخیرہ اندوزی کرنے والے پٹرول پمپ مالکان کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔

حافظ آباد: (بیورو چیف) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں متوقع اضافے کے پیش نظر متعدد پٹرول پمپوں پر فروخت مبینہ طور پر بند حافظ آباد: پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں متوقع اضافے کے پیش نظر حافظ آباد کے مختلف علاقوں میں متعدد پٹرول پمپوں پر مبینہ طور پر پٹرول کی فروخت بند کیے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی پٹرول پمپوں پر پٹرول فراہم کرنے سے انکار کیا جا رہا ہے اور مختلف وجوہات بیان کی جا رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق بعض پٹرول پمپوں پر مشین کی خرابی، کہیں بجلی کی بندش، کہیں جنریٹر خراب ہونے اور کہیں عملہ موجود نہ ہونے کا عذر پیش کیا جا رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو پٹرول کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیں، پٹرول پمپوں کی جانچ کرائیں اور اگر ذخیرہ اندوزی یا مصنوعی قلت ثابت ہو تو ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

کالیکی منڈی میں ون ویلنگ کے باعث نوجوان عمر بھر کیلئے معذور

متاثرہ خاندان کا ملزمان کی گرفتاری اور حکومت سے فوری مالی امداد کا مطالبہ

حافظ آباد (حافظ عبد القیوم، بیورو چیف) ون ویلنگ کی ایک اور ہولناک قیمت، غریب محنت کش کا جوان بیٹا عمر بھر کے لیے معذور، متاثرہ خاندان کا انصاف اور سخت کارروائی کا مطالبہ حافظ آباد کے نواحی علاقے کالیکی منڈی میں ون ویلنگ کے باعث پیش آنے والے ایک افسوسناک حادثے نے ایک غریب محنت کش کے خاندان کی خوشیاں چھین لیں۔ مبینہ طور پر ون ویلنگ کرنے والے چند نوجوانوں کی خطرناک اور غیر ذمہ دارانہ حرکت کے نتیجے میں ایک نوجوان شدید زخمی ہو کر عمر بھر کے لیے معذوری کا شکار ہو گیا، جبکہ حادثے کے ذمہ دار افراد جائے وقوعہ سے فرار ہو گئے۔ متاثرہ خاندان کے مطابق کالیکی منڈی کے رہائشی عارف جٹ گزشتہ بیس سال سے زائد عرصے سے مین بازار میں محنت مزدوری کر کے اپنے اہل خانہ کا گزر بسر کر رہے ہیں۔ ان کا جوان بیٹا سکھیکی منڈی سے اپنے گھر واپس آ رہا تھا اور اپنی درست سمت میں موٹر سائیکل چلا رہا تھا کہ اسی دوران مبینہ طور پر ون ویلنگ کرتے ہوئے آنے والے چند نوجوان اس کی موٹر سائیکل سے ٹکرا گئے۔ حادثہ اس قدر شدید تھا کہ موٹر سائیکل کا ہینڈل نوجوان کے پیٹ میں جا گھسا، جس سے اس کی بڑی آنت شدید متاثر ہوئی۔ اسے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ہنگامی آپریشن کیا گیا۔ اہل خانہ کے مطابق زخمی نوجوان چار روز تک انتہائی تشویشناک حالت میں بے ہوش رہا۔ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ ڈاکٹروں نے انہیں آگاہ کیا ہے کہ نوجوان اب پہلے کی طرح جسمانی مشقت نہیں کر سکے گا، نہ ہی وزن اٹھانے کے قابل رہے گا، جس کے باعث اس کی روزگار کمانے کی صلاحیت شدید متاثر ہو گئی ہے۔ اہل خانہ کے مطابق حادثے کے بعد مبینہ طور پر ون ویلنگ کرنے والے نوجوان زخمی کو سڑک پر چھوڑ کر فرار ہو گئے اور تاحال قانون کی گرفت میں نہیں آ سکے۔ متاثرہ خاندان اور اہل علاقہ نے ضلعی انتظامیہ، ڈسٹرکٹ پولیس، ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ملوث افراد کو فوری گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ سکھیکی منڈی، کالیکی منڈی اور گردونواح میں ون ویلنگ کے بڑھتے ہوئے رجحان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ انہوں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ نوجوان کی مستقل معذوری کے پیش نظر اس کے علاج، بحالی اور بنیادی ضروریات کے لیے خصوصی مالی امداد اور ماہانہ وظیفہ فراہم کیا جائے، جبکہ ایسے افسران اور اہلکاروں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا جائے جن کی غفلت کے باعث خطرناک ون ویلنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں نے کہا کہ ون ویلنگ نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ انسانی جانوں کے لیے بھی سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ ان کے مطابق اگر بروقت اور مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جاتیں تو شاید آج ایک غریب محنت کش کا بیٹا عمر بھر کی معذوری کا شکار نہ ہوتا۔ متاثرہ خاندان نے وزیراعلیٰ پنجاب، ضلعی انتظامیہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور دیگر متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے، انصاف کی فراہمی اور ون ویلنگ کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

فیفا ورلڈ کپ 2026 کی اختتامی تقریب ستاروں سے سج جائے گی

ٹام کروز جینیفر ہڈسن روبی ولیمز اور دیگر عالمی فنکار فائنل سے قبل جلوہ گر ہوں گے

نیویارک (پی پی اے) فیفا ورلڈ کپ 2026 کی شاندار اختتامی تقریب اتوار 19 جولائی کو نیویارک نیوجرسی اسٹیڈیم میں فائنل میچ سے قبل منعقد ہوگی جہاں موسیقی ثقافت اور فٹ بال کا یادگار امتزاج دنیا بھر کے شائقین کی توجہ کا مرکز بنے گا تقریب میں عالمی شہرت یافتہ اداکار ٹام کروز، معروف گلوکارہ لورا پوزینی نکول شرزنگر روبی ولیمز معروف یوٹیوبر آئی شو اسپیڈ سمیت متعدد بین الاقوامی فنکار شرکت کریں گے اور اپنی شاندار لائیو پرفارمنس سے ماحول کو گرما دیں گے ایمی گریمی آسکر اور ٹونی ایوارڈ یافتہ امریکی گلوکارہ جینیفر ہڈسن فائنل میچ سے قبل امریکہ کا قومی ترانہ پیش کریں گی جسے تقریب کا ایک اہم اور یادگار لمحہ قرار دیا جا رہا ہے منتظمین کے مطابق یہ رنگا رنگ تقریب کینیڈا امریکہ اور میکسیکو میں مشترکہ طور پر منعقد ہونے والے اس تاریخی ورلڈ کپ میں شریک 48 ٹیموں اور 16 میزبان شہروں کے ناقابلِ فراموش سفر کو خراج تحسین پیش کرے گی تقریب میں جدید موسیقی ثقافتی رنگ اور شاندار بصری مناظر کے ذریعے ٹورنامنٹ کے یادگار لمحات کو اجاگر کیا جائے گا فیفا کا کہنا ہے کہ آئندہ دنوں میں مزید عالمی فنکاروں اور خصوصی مہمانوں کے ناموں کا بھی اعلان کیا جائے گا جس سے اختتامی تقریب مزید دلکش بن جائے گیا سٹیڈیم کے دروازے میچ سے چار گھنٹے قبل یعنی صبح 11 بجے کھول دیے جائیں گے جہاں شائقین کے لیے خصوصی سرگرمیوں تفریحی پروگراموں انعامات اور مختلف دلچسپ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا اختتامی تقریب کے فوراً بعد فیفا ورلڈ کپ 2026 کا فائنل کھیلا جائے گا جس میں ارجنٹینا اور اسپین عالمی چیمپئن بننے کے لیے آمنے سامنے ہوں گے

ارجنٹینا نے انگلینڈ کو ہرا کر ورلڈ کپ فائنل میں جگہ بنالی

دفاعی چیمپئن کا اسپین سے اتوار کو ٹائٹل کا مقابلہ بیونس آئرس میں تاریخی جشن

اٹلانٹا (پی پی اے) فیفا ورلڈ کپ 2026 کے دوسرے سیمی فائنل میں دفاعی چیمپئن ارجنٹینا نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے انگلینڈ کو 1-2 سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا جہاں اس کا مقابلہ اتوار کی شب اسپین سے ہوگا اٹلانٹا اسٹیڈیم میں کھیلا گیا میچ ابتدا ہی سے انتہائی سنسنی خیز رہا دونوں ٹیموں نے جارحانہ کھیل پیش کیا اور پہلے ہاف میں کئی مواقع بنائے تاہم کوئی بھی ٹیم گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی اور وقفے تک مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر رہا دوسرے ہاف کے 55ویں منٹ میں انگلینڈ کے گورڈن نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی جس کے بعد ارجنٹینا نے بھرپور انداز میں واپسی کی میچ کے 85ویں منٹ میں فرنانڈس نے شاندار گول کر کے مقابلہ برابر کر دیا جبکہ انجری ٹائم کے دوسرے منٹ میں مارٹینز نے فیصلہ کن گول اسکور کر کے ارجنٹینا کو 1-2 کی فتح دلائی اس شکست کے ساتھ ہی انگلینڈ کا تقریباً 60 برس بعد ورلڈ کپ فائنل کھیلنے کا خواب ٹوٹ گیا جبکہ اب انگلش ٹیم ہفتے کی شب تیسری پوزیشن کے میچ میں فرانس کا سامنا کرے گی ارجنٹینا کی ٹیم اپنی تاریخ میں ساتویں مرتبہ فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچی ہے اس سے قبل وہ تین بار عالمی چیمپئن اور تین بار رنر اپ رہ چکی ہے جبکہ اب دفاعی چیمپئن کے طور پر مسلسل دوسری مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کرنے کے لیے میدان میں اترے گی فائنل میں رسائی کی خوشی میں ارجنٹینا کے دارالحکومت بیونس آئرس میں لاکھوں شائقین سڑکوں پر نکل آئے شہر بھر میں جشن منایا گیا آتش بازی کی گئی بڑی اسکرینوں پر کپتان لیونل میسی کی تصاویر آویزاں کی گئیں اور قومی ٹیم کے حق میں پرجوش نعرے لگائے گئے

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا موٹر سائیکل سواروں کے لیے روڈ سیفٹی کیمپ

اٹلس ہونڈا کے تعاون سے مفت ہیلمٹس سائیڈ مررز اور ہیڈ لائٹس فراہم شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہی

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے اٹلس ہونڈا کے تعاون سے موٹر سائیکل سواروں کے لیے خصوصی روڈ سیفٹی کیمپ کا انعقاد کیا جس میں مفت ہیلمٹس تقسیم کیے گئے جبکہ خراب ہیڈ لائٹس انڈیکیٹرز اور سائیڈ مررز بھی مفت تبدیل کیے گئے تاکہ شہری محفوظ انداز میں سفر کر سکیں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے ڈائریکٹر آئی ٹی پی ایف ایم عائشہ جمیل اور دیگر پولیس افسران کے ہمراہ کیمپ کا دورہ کیا موٹر سائیکل سواروں سے ملاقات کی اور خود بھی ہیلمٹس اور سائیڈ مررز تقسیم کیے اس موقع پر شہریوں کو ٹریفک قوانین روڈ سیفٹی ہیلمٹ کے لازمی استعمال اور محفوظ ڈرائیونگ سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی تاکہ ٹریفک حادثات میں کمی لائی جا سکے چیف ٹریفک آفیسر نے ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز میں مرد و خواتین فیلڈ افسران کو بریفنگ دیتے ہوئے ہدایت کی کہ دورانِ ڈیوٹی شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی شائستگی اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انفورسمنٹ کے دوران کسی بھی شہری کے ساتھ بدتمیزی یا غیر مناسب رویہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا کائنات اظہر خان نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کو محفوظ منظم اور آسان سفری سہولیات فراہم کرنا ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا اور قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ روڈ سیفٹی کے فروغ عوامی آگاہی اور شہریوں کے اعتماد میں اضافے کے لیے ایسے فلاحی اور آگاہی پروگرام آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گے

مصنوعی پیٹرول قلت پر سخت کارروائی، وزیراعظم کی ہدایت

شہباز شریف کا پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے اور ذخائر برقرار رکھنے پر زور

اسلام آباد (پی پی اے) وزیراعظم شہباز شریف نے متعلقہ اداروں اور صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے ملکی معیشت پر علاقائی کشیدگی کے اثرات سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ہر ممکنہ چیلنج سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری رکھی جائے انہوں نے بتایا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے وافر ذخائر موجود ہیں اور مستقبل کی فراہمی بھی یقینی بنا دی گئی ہے وزیراعظم نے عوام کے تعاون اور توانائی بچت کی قومی مہم کو بھی سراہا

پاک افواج ملکی سرحدوں جبکہ علمائے کرام دین کے محافظ ہیں

پیر سید خلیل الرحمن شاہ نے وطن کی نظریاتی بقا کے لیے فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کا اعلان کر دیا۔

حاصل پور (فیض الحسن بھٹہ) جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے امیر پیر سید خلیل الرحمن شاہ نے کہا ہے کہ افواج پاکستان ہماری جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے جبکہ علما کرام مفتیان کرام ہمارے دین کے محافظ ہیں مساجد و مدارس اسلام کے قلعے ہیں اگر وقت آیا تو دین کے یہ محافظ اہلسنت کے مدارس و مساجد کے طلبہ علما لاکھوں کی تعداد میں پاکستان کی بقا استحکام اس کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے بنیان مرصوص بن کر اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گئے پاکستان اولیا کا فیضان ہے اس کے قیام میں میں مشائخ عظام مفتیان کرام اہلسنت کا نمایاں کردار ہے اور ان کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ عظیم تر قربانیاں وخون شامل ہے ہم کسی صورت میں بھی پاکستان پر آنچ نہی آنے دیں گئے انھوں نے کہا کہ افواج پاکستان و لاانفورسمنٹ ایجنسیوں کے شہدا ہمارا فخر اور سرمایہ ہیں جنھوں نے ہمارے کل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ہمارے مستقبل کو محفوظ کیا آج ہم اپنی مساجدوں میں عبادت کرتے ہیں اور بے دھڑک ہو کر کاروبار کر رہے ہیں رات کو گھروں میں آرام کی نیند سو رہے ہیں یہ سب کچھ ان شہدا کے خون کی مرہون منت ہے

حکومت پنجاب کی جانب سے چوہدری اکرم اسسٹنٹ کمشنر ترقی پا گئے

شکر گڑھ کے شہریوں نے فرض شناس افسر کی ترقی پر خوشی کا اظہار کیا۔

شکر گڑھ (شہزاد حنیف سے) حکومت پنجاب نے شکر گڑھ سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت، فرض شناس اور محنتی سرکاری افسر چوہدری اکرم کو ترقی دے کر اسسٹنٹ کمشنر مقرر کر دیا ہے۔ مختلف سماجی، سیاسی، کاروباری، تعلیمی اور صحافتی حلقوں کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی جا رہی ہے۔ شہریوں نے چوہدری اکرم کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی سرکاری ذمہ داریوں کے دوران ہمیشہ میرٹ، شفافیت اور عوامی فلاح کو ترجیح دی۔ ان کی اس ترقی سے نہ صرف ان کی ذاتی محنت کا اعتراف ہوا ہے بلکہ شکر گڑھ کا نام بھی روشن ہوا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ چوہدری اکرم کی نئی ذمہ داری ان کی انتظامی صلاحیتوں پر حکومتی اعتماد کا مظہر ہے اور امید کی جاتی ہے کہ وہ بطور اسسٹنٹ کمشنر عوامی مسائل کے حل، بہتر طرز حکمرانی اور مؤثر انتظامی امور کی انجام دہی میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے اپنے تہنیتی پیغامات میں چوہدری اکرم کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابی نوجوان نسل کے لیے بھی ایک روشن مثال ہے۔ شہریوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید ترقی، عزت اور کامیابیوں سے نوازے اور ملک و قوم کی خدمت کے مزید مواقع عطا فرمائے۔

شہزادہ ولیم کا انگلینڈ کی شکست پر جذباتی پیغام

ورلڈ کپ سے باہر ہونے کے باوجود ٹیم کی کارکردگی کو قابلِ فخر قرار دے دیا

لندن (پی پی اے) برطانوی شہزادہ ولیم نے فیفا ورلڈ کپ 2026ء کے سیمی فائنل میں ارجنٹینا کے ہاتھوں 2-1 سے شکست کے بعد انگلینڈ کی فٹبال ٹیم کے لیے حوصلہ افزا اور جذباتی پیغام جاری کیا ہے شہزادہ ولیم نے فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنی آفیشل انسٹا اسٹوری کے ذریعے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی بھرپور کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگرچہ نتیجہ مایوس کن رہا لیکن پوری ٹیم نے غیر معمولی جذبے اور عزم کے ساتھ مقابلہ کیا انہوں نے اپنے پیغام میں لکھا آپ نے پوری کوشش کی اور ہمیں اس ناقابل یقین ٹورنامنٹ پر آپ پر بے حد فخر ہے شہزادہ ولیم نے مزید کہا کہ میدان میں ٹیم نے جس اعتماد ہمت اور مقابلے کے جذبے کا مظاہرہ کیا اس نے پوری قوم کو متاثر کیا ہے اپنے پیغام کے اختتام پر انہوں نے انگلینڈ کے کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے کہا اپنے سر فخر سے بلند رکھیں واضح رہے کہ انگلینڈ کو سیمی فائنل میں ارجنٹینا کے ہاتھوں 2-1 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد ٹیم ورلڈ کپ سے باہر ہو گئی جبکہ ارجنٹینا نے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا

ٹرین ڈرائیورز کی حنیف عباسی سے ملاقات اصلاحات پر اظہارِ اعتماد

ریلوے ملازمین کی فلاح، رنگ رومز کی بہتری اور لوکو پائلٹ کے نئے کیڈر کو خوش آئند قرار

راولپنڈی (پی پی اے) راولپنڈی کے ٹرین ڈرائیورز کے ایک وفد نے چوہدری ظفر حسین گجر اور فیصل خان جدون کی قیادت میں وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ملاقات کی اور پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا وفد نے رنگ رومز کی اپ گریڈیشن اور لوکو رنگ اسٹاف کے کیڈر کا نام تبدیل کر کے لوکو پائلٹ رکھنے کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات ریلوے ملازمین کی فلاح اور ادارے کی بہتری کی جانب اہم پیش رفت ہیں اس موقع پر وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے میں اصلاحات کا مقصد ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ٹرین آپریشن کو مزید مؤثر بنانا مسافروں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور ملازمین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی ریلوے کی ترقی اور نظام کی بہتری کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے ملاقات کے دوران فیصل خان جدون نے رنگ اسٹاف کی اپ گریڈیشن اور دیگر پیشہ ورانہ امور سے متعلق تجاویز پیش کیں جنہیں وفاقی وزیر نے سراہتے ہوئے ان پر مثبت پیش رفت اور مناسب کارروائی کی یقین دہانی کرائی ملاقات میں ارشد علی شاہ، ملک عامر ظہیر عباس شوکت خان جدون اور عدنان خان بھی شریک تھے وفد نے امید ظاہر کی کہ وفاقی وزیر کی قیادت میں پاکستان ریلوے کی ترقی کا سفر مزید تیز ہوگا اور ملازمین و مسافروں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی

نمل کے طلبہ کا سیف سٹی اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ

وفد کو کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر، جدید سرویلنس نظام اور پولیس آپریشنز سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) کے زیرِ تربیت طلبہ و طالبات کے وفد نے سیف سٹی اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا جہاں انہیں جدید پولیسنگ کے نظام کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر، پولیس آپریشنز سینٹر اور جدید سرویلنس کیمروں کے طریقہ کار اور افادیت سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا دورے کے دوران وفد نے ڈائریکٹر آئی ٹی عاطف عباس سے ملاقات کی، جنہوں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پولیسنگ کو مؤثر شفاف اور تیز رفتار بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس آپریشنز سینٹر ایمرجنسی کنٹرول سینٹر ڈسپیچ کنٹرول سینٹر اور پکار۔ 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن شہریوں کو بروقت اور معیاری پولیس خدمات کی فراہمی میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں وفد کو بتایا گیا کہ جدید سرویلنس کیمرے امن و امان کے قیام جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ وفاقی دارالحکومت کے داخلی و خارجی راستوں پر نصب چہرہ شناسی فیشل ریکگنیشن کیمروں کے ذریعے مشکوک افراد کی بروقت نشاندہی اور جرائم کی روک تھام میں بھی مدد حاصل کی جا رہی ہے وفد نے سیف سٹی اسلام آباد کے جدید تکنیکی نظام مؤثر کارکردگی اور عوامی خدمت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کامیاب اور معلوماتی دورے پر ڈائریکٹر آئی ٹی عاطف عباس اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا

بشریٰ بی بی کیس، سماعت 22 اگست تک ملتوی

درخواست گزار نے متعلقہ تھانے میں کوئی درخواست نہیں دی، پولیس کی رپورٹ

16 جولائی 2026 راولپنڈی () ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی خرم سلیم نے جیل انتظامیہ کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی درخواست پر پولیس کا جواب داخل ہونے کے بعد سماعت 22 اگست تک ملتوی کر دی ہے بشریٰ بی بی کے ساتھ جیل میں ناروا سلوک پر ان کی بیٹی مبشرہ شیخ نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 22 اے کے تحت اندراج مقدمے کی درخواست دائر کی گئی تھی گزشتہ روز سماعت کے موقع پر بشریٰ بی بی کے وکیل فیصل ملک عدالت پیش ہوئے اس موقع پر پولیس کی جانب سے جمع کروائی گئی رپورٹ میں کہا گیا کہ درخواست گزار کی جناب سے متعلقہ تھانے میں اندراج مقدمہ کی کوئی درخواست نہیں دی گئی جس پر عدالت نے درخواست کی سماعت 22 اگست تک ملتوی کر دی۔

مندرہ میں تیز رفتار ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر

حادثے کے نتیجے میں باپ اور بیٹی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے

راولپنڈی () تھانہ مندرہ کے علاقے میں تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹی کو کچل دیا جس سے دونوں موقع پر جاں بحق ہو گئے اطلاعات کے مطابق کملی مرزا کے رہائشی 89 سالہ عبدالشفیق اپنی 31 سالہ بیٹی کے ہمراہ آنکھوں کے معائنے کے لئے جا رہے تھے کہ تیز رفتار ڈمپر نے دونوں کو کچل دیا جس سے موقع پر دونوں کی موت واقع ہو گئی

نارووال میں مون سون کے دوران ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تربیتی ورکشاپ

سول ڈیفنس نے واسا عملے کو طوفانی بارشوں اور ہنگامی حالات میں ریسکیو کی عملی تربیت دی۔

نارووال (میاں زاہد) مون سون کے دوران ممکنہ سیلابی صورتحال اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ سول ڈیفنس نارووال کے زیر اہتمام ایک ہنگامی تربیتی و مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں ایم ڈی واسا محمد کاشف کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر واسا شمشاد احمد، واسا کے سب انجینئرز، سپروائزرز اور فیلڈ عملے نے شرکت کی، جبکہ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر حافظ زکریا اور سب انسپکٹر میڈم یاسمین بھی موجود تھیں۔ ورکشاپ میں مون سون کے دوران نالوں کی بروقت صفائی، نشیبی علاقوں سے بارش کے پانی کی فوری نکاسی اور ہنگامی حالات میں مؤثر ردعمل کے حوالے سے جامع حکمت عملی مرتب کی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر واسا نے بتایا کہ پانی جمع ہونے والے مقامات پر ہیوی مشینری کو فعال کر دیا گیا ہے اور نالوں کی صفائی کا عمل تیز کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جا سکے۔ اس موقع پر سول ڈیفنس کے ماہرین نے واسا کے عملے کو طوفانی بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے دوران ریسپانس، ریسکیو اور حفاظتی اقدامات سے متعلق عملی تربیت فراہم کی۔ اجلاس کے اختتام پر واسا انتظامیہ نے بروقت اور مؤثر ورکشاپ کے انعقاد پر سول ڈیفنس حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

حکومت پنجاب کا بیوہ خواتین اور یتیم بچوں کیلئے رحمت کارڈ پروگرام

مستحق افراد کو ایک لاکھ روپے مالی امداد کیلئے مفت آن لائن رجسٹریشن کا عمل شروع۔



حافظ آباد (حافظ عبد القیوم بیورو چیف) صوبائی سیکرٹری زکوٰۃ و عشر پنجاب عرفان احمد سندھو کا کہنا ہے کہ بیوہ خواتین اور بے سہارا یتیم بچوں کے لیے مالی امداد کا "رحمت کارڈ" پروگرام کا آغاز حکومت پنجاب کا ایک انقلابی پروگرام ہے۔ اس رحمت کارڈ پروگرام کے ذریعے صوبہ بھر کے پچاس ہزار مستحق بیوہ خواتین اور بے سہارا یتیم بچوں کو ایک ایک لاکھ روپے کی مالی امداد کی جائیگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر رحمت کارڈ پروگرام کے لیے مفت آن لائن رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حافظ آباد ضلعی دفتر کے موقع پر کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ گوجرانوالہ محمد افضل رانجھا اور ڈسٹرکٹ زکوٰۃ میاں ثناء اللہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صوبائی سیکرٹری کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے مستحق بیوہ خواتین اور بے سہارا یتیم بچوں کی مالی امداد کا رحمت کارڈ پروگرام ملکی تاریخ میں اپنی نوعیت کا ایک عظیم، انسان دوست اور غریب پرور اقدام ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر رحمت کارڈ پروگرام کو شفاف بنانے کے لیے آن لائن رجسٹریشن شروع کی گئی ہے۔ جس کے لیے کسی قسم کی کوئی فیس مقرر نہیں کی گئی۔ مستحق بیوہ خواتین اور دیگر افراد اپنے موبائل فون سے بھی با آسانی اپنی رجسٹریشن کروا سکیں گے۔ رجسٹریشن میں کسی بھی قسم کی دشواری کے پیش نظر محکمہ زکوٰۃ پنجاب کی ہیلپ لائن 1077 یا ضلعی دفتر سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر ضلعی زکوٰۃ آفیسر میاں ثناء اللہ نے صوبائی سیکرٹری کو اپنے دفتر اور ضلع کے حوالے سے مجموعی کارکردگی اور حکومت پنجاب کے عوامی، فلاحی اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کے ہاؤس ریکوزیشن الاؤنس میں بڑا اضافہ

گریڈ 3 سے 22 تک نئی شرحیں نافذ، معذور ملازمین کا اسپیشل کنوینس الاؤنس بھی 10 ہزار روپے کر دیا گیا

پشاور (پی پی اے) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے ہاؤس ریکوزیشن الاؤنس میں نمایاں اضافے کی منظوری دے دی ہے جس کا اطلاق گریڈ 3 سے گریڈ 22 تک کے تمام ملازمین اور افسران پر ہوگا محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نئی شرحیں سول سیکریٹریٹ وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ اور گورنر سیکریٹریٹ کے تمام اہلکاروں پر لاگو ہوں گی جبکہ ان کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے کر دیا گیا ہے نئی شرحوں کے تحت گریڈ 3 تا 6 کے ملازمین کو 6 ہزار گریڈ 7 تا 10 کو 9 ہزار گریڈ 11 تا 13 کو 13 ہزار گریڈ 14 اور 15 کو 16 ہزار گریڈ 16 کو 18 ہزار گریڈ 17 اور 18 کے افسران کو 21 ہزار گریڈ 19 کو 28 ہزار گریڈ 20 کو 35 ہزار گریڈ 21 کو 42 ہزار اور گریڈ 22 کے افسران کو 52 ہزار روپے ماہانہ ہاؤس ریکوزیشن الاؤنس دیا جائے گا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا حکومت نے معذور سرکاری ملازمین کے اسپیشل کنوینس الاؤنس میں بھی اضافہ کر دیا ہے محکمہ خزانہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق یہ الاؤنس 6 ہزار روپے سے بڑھا کر 10 ہزار روپے ماہانہ کر دیا گیا ہے جس کا اطلاق بھی یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگا یہ اقدام سرکاری ملازمین خصوصاً معذور ملازمین کو بہتر مالی سہولت فراہم کرنے کے لیے کیا گیا ہے

بھارت خطے میں دہشت گردی اور تخریب کاری کی سرپرستی کر رہا ہے دفتر خارجہ

پاکستان کا ایران امریکا کشیدگی پر